وَالشَّمْسَ وَالْقَمَرَ وَالنُّجُومَ مُسَخَّرَاتٍ بِأَمْرِهِ ط

اور سورج اور چاند اور تارے مسخر ہیں ساتھ اسکے حکم کے

مدنی جنتری

سن ۱۹۶۷ء



مدینہ پبلشنگ کمپنی کراچی

Scanned with CamScanner

فیوضِ یزدانی

مواعظ حضرت سیدنا شیخ عبدالقادر جیلانی

ترجمہ

الفتح الربانی

مترجمہ: مولانا عاشق الٰہی میرٹھی مرحوم ★

حضرت سیدنا شیخ عبدالقادر جیلانی کے کمالاتِ باطنی وتقویٰ سے ہر مسلمان بخوبی واقف ہے آپکو جملہ اولیاء اللہ کا سردار مانا جاتا ہے۔ آپ نے اپنے مواعظ کے ذریعہ لاکھوں انسانوں کو حلقہ بگوشِ اسلام کیا۔ "فیوضِ یزدانی" آپ کے انہیں مواعظ کا بیش بہا ذخیرہ ہے جس پر آج بھی عمل کرنے سے بیش بہا فوائد حاصل ہو سکتے ہیں اسی ضرورت کے پیشِ نظر عالم بے بدل حضرت مولانا عاشق الٰہی میرٹھی مرحوم نے جس کا بامحاورہ اُردو ترجمہ کر کے عرصہ ہوا طبع کرایا تھا جو اپنی افادیت کی وجہ سے ہاتھوں ہاتھ نکل گیا اور عرصہ سے نایاب تھا ہم نے ترجمہ کے شرعی حقوق حاصل کر کے دوبارہ عمدہ خوشخط کتابت کے ساتھ ایک کالم میں عربی متن مقابل کالم میں اُردو ترجمہ بہترین گلیز کاغذ پر طبع کیا ہے۔ جملہ مسلمانوں کیلئے عموماً و تصوف سے دلچسپی رکھنے والوں کیلئے خصوصاً نعمتِ غیر مترقبہ سے کم نہیں آجکل کے لادینی دور میں اسکا مطالعہ بیحد ضروری ہے۔ سائز ۲۰×۳۰/۸ ضخامت ۶۷۶ صفحات مضبوط وخوشنما جلد مع دورنگہ گرد پوش

قیمت بارہ روپے ۱۲

ملنے کا پتہ

مدینہ پبلشنگ کمپنی مشہور محل میکلوڈ روڈ۔ کراچی ۱

Price 25 Paisas

منظوم ترجمہ سُورۃ فاتحہ

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ○

خُدا کے نام سے آغاز کرتا ہوں کہ وہ "آقا"
بڑا ہی مہرباں ہے اور نہایت مرحمت والا

اَلۡحَمۡدُ لِلّٰہِ رَبِّ الۡعٰلَمِیۡنَ ○ ۱

خُدا ہی کے لئے ہر قسم کی تعریف زیبا ہے
وُہ "مولا" پالنے والا جو سارے عالموں کا ہے

الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ○ ۲ مٰلِکِ یَوۡمِ الدِّیۡنِ ○ ۳

بڑا ہی مہرباں ہے وہ نہایت رحم والا ہے
"بہر عنوان" وہ مختارِ کل روزِ جزا کا ہے

اِیَّاکَ نَعۡبُدُ وَ اِیَّاکَ نَسۡتَعِیۡنُ ○ ۴

خُداوندا عبادت کرتے ہیں ہم تو فقط تیری
تجھی سے اے خدا درخواست کرتے ہیں اعانت کی

اِہۡدِنَا الصِّرَاطَ الۡمُسۡتَقِیۡمَ ○ ۵ صِرَاطَ الَّذِیۡنَ اَنۡعَمۡتَ عَلَیۡہِمۡ ۶

دکھا دے ہم کو سیدھا راستہ اُن نیک بندوں کا
کہ جن پر تو نے اپنی نعمتوں کا فیض پہنچایا

غَیۡرِ الۡمَغۡضُوۡبِ عَلَیۡہِمۡ وَ لَا الضَّآلِّیۡنَ ○ ۷

وہ بندے جو نہ مورد ہی بنے ہیں تیری خفگی کے
نہ گم گشتہ ہوئے ہیں جو کبھی راہِ ہدایت سے

Scanned with CamScanner

سلام

جو ہیں خیرُ الانام اُن پہ لاکھوں سلام
جو شفیعِ تمام اُن پہ لاکھوں سلام

جو ہیں محبوبِ حق، جو ہیں مطلوبِ حق
جو ہیں مقصودِ عام اُن پہ لاکھوں سلام

جو کہ ہیں رہبرِ رہبرانِ جہاں
جو امامُ الامام اُن پہ لاکھوں سلام

جو کہ ہیں مخزنِ فیض و جُود و عطا
لُطف ہے جن کا عام اُن پہ لاکھوں سلام

فرش جن کے لئے چرخ جن کیلئے
عرش جن کا مقام اُن پہ لاکھوں سلام

جو ہیں رُوحِ درُود جو ہیں قلبِ کشود
جو ہیں جانِ سلام اُن پہ لاکھوں سلام

جن کی اُلفت ہے بہزاد مقصُودِ کُل
جن کا پیارا ہے نام اُن پہ لاکھوں سلام

Scanned with CamScanner

سنہ ۲۰۰۰ء میں دنیا کے متوقع حالات

آج دنیا کے کونے کونے میں نسلِ انسانی جن حالات سے دوچار ہے، دنیا بھر کی حکومتیں جن کارگزاریوں کا مظاہرہ کر رہی ہیں اور دنیا کے بڑے بڑے دماغ جن دھندوں میں مصروف ہیں ان کے پیشِ نظر قیاس کیا جاتا ہے کہ سنہ ۲۰۰۰ء میں ہماری دنیا آج سے بالکل مختلف ہوگی۔ اس وقت جو صورت حال ظاہر ہوگی اس کے متعلق آج کا انسان کچھ نہیں کہہ سکتا۔ ایٹم بم اور ہائیڈروجن بم کے معرضِ وجود میں آنے سے قبل کسی کو ان بموں کی تباہی کا اندازہ نہ تھا۔ سائنس نے ان کی ایجاد سے دُنیا کو حیرت میں ڈال دیا لیکن صاف ظاہر ہے کہ ان بموں سے بھی زیادہ حیرت انگیز ایجادات ممکن ہیں اور جس سرعت کے ساتھ تباہ کن ایجادات عمل میں آرہی ہیں وُہ اس بات کا پتہ دے رہی ہیں کہ آج کا انسان جلد ہی کاروبار کو ایک بالکل نئے اور عجیب رنگ میں دیکھے گا جس کے متعلق تصور تک نہیں کیا جاسکتا۔ آج حکومتوں کا ہر قدم مملکت کی ترقی ملک کے استحکام اور اجتماعی بہبود کی جانب اٹھتا نظر آتا ہے مگر حقیقت میں کوششیں بیکار ثابت ہو رہی ہیں۔ وقت آرہا ہے جب مملکتیں اپنی مملکت ہی کو سب کچھ سمجھیں گی انفرادی اور اجتماعی بہبود کا مسئلہ ختم ہو جائے گا۔ اگر جنگ ہوئی تو دُنیا کی آبادی حیرت انگیز حد تک گھٹ جائے گی دنیا کی زمامِ اقتدار چند نفوس کے ہاتھ میں رہ جائے گی۔ یہ گنے چنے افراد دنیا کے بڑے عالی دماغ ہوں گے اور سائنسی ایجادات انہی کے تصرف میں ہوگی۔ آبادی کچھ ویسے ہی بہت تھوڑی ہوگی پھر یہ کہ ملک میں اتنے ہی لوگ پیدا کئے جائیں گے جتنے کسی کام کے لئے ضروری ہوں گے۔ ہر شخص انفرادی بہتری کو چھوڑ کر حکومت ہی کو سب کچھ سمجھے گا اور حکومت ہی کے لئے کام کرے گا۔ مردوں کی نسبت عورتیں زیادہ ہوں گی۔

آج ہمیں معلوم ہے کہ سائنسدان اپنے اپنے ملک اور اپنی اپنی حکومت کو زیادہ سے زیادہ مہلک چیزیں مہیا کرنے میں لگے ہیں ان کے دماغ اپنی اپنی حکومت کو زیادہ سے زیادہ مہلک چیزیں مہیا کرنے میں مصروف ہیں اور ہر ملک دوسرے ملک کا دشمن ہے۔ وقت آرہا ہے جب یہ ذہنیت زیادہ شدت اختیار کر جائے گی ہر ملک کا باشندہ اپنے ذہن کو اپنی ہی مملکت کے مفاد میں لگا دے گا اپنے ملک اور اپنی قوم کا خیال ہوگا ہر دوسرے ملک اور دوسری قوم سے سخت عناد ظہور میں آئے گا۔ سائنسدان اپنے دشمن ملکوں کی تباہی کے لئے نت نئی ایجادوں میں خوب مصروف ہوں گے۔ انسانی فلاح و بہبود سے سائنسدانوں کو کوئی غرض نہ ہوگی ہر مملکت اپنے سائنسی راز محفوظ رکھنے میں سرگرمی دکھائے گی اور دُنیا میں جگہ جگہ عجیب و غریب تباہ کن ایجادیں جنم لیں گی جب جنگ نوعِ انسانی کو جلا کر خاکستر کر دے گی تو گنتی کے چند نفوس بچیں گے جو سائنس کی نعمتوں سے دستبردار ہو جائیں گے۔ اس وقت کی انسانی تہذیب سے نفرت کرنے لگیں گے۔ نجانے پھر وہ کونسی راہ اختیار کریں گے۔ ملکوں کا اقتدار روز بروز چند ہاتھوں میں سمٹتا چلا جائے گا۔ سائنسدانوں کو سیاستدانوں پر اقتدار حاصل ہوگا۔ ہر ملک دوسرے ملک کے سائنسدانوں پر کڑی نگرانی رکھے گا۔ بے اعتمادی حد سے زیادہ بڑھ جائے گی۔ سائنس اور مادیت ہی انسان کی معراج ہوگی۔ انسانی اخلاق و کردار علم و فضل کی کوئی وقعت نہ ہوگی۔ اگر کوئی شخص ذہن انسانی کے اوصاف کا مداح ہوگا بھی تو اسے احمق سمجھا جائے گا۔ انسانی فارغ البالی اور خوشحالی خواب و خیال ہوگی عام آدمیوں کی آزادی ختم ہو جائے گی سائنسی طاقت کے بل بوتے پر آدمی کے ہر فعل پر قدغن لگ جائے گا۔ زرعی پیداوار پر حکومتوں کی کڑی نگرانی ہوگی۔ کوئی شخص یقینی طور پر کچھ نہ جانتا ہوگا کہ اسے پیٹ بھر کر ملے گا یا بھوکا مرے گا۔ فنونِ لطیفہ، ادب، آرٹ اور آزاد خیالی کا حشر بہت بُرا ہوگا۔

وقت آرہا ہے جب کسی سائنسدان یا تحقیق کنندہ کو اپنی مرضی سے آزاد تخلیق کرنے کی اجازت نہ دی جائے گی اس کا ہر کام حکومت کے تابع ہوگا جس کے نتیجہ میں نوعِ انسانی روز بروز مصائب میں مبتلا ہوتی جائے گی۔ لوگوں میں مخالفت اور ارتکاب جُرم کا جذبہ بہت بڑھ جائے گا۔ بات بات پر مار پیٹ۔ قتل کے حادثے معمول بن جائیں گے۔ بددیانتی، خود غرضی اور دھوکہ بازی، محاسنِ اخلاق شمار ہوں گے نیکوں اور شریفوں کے لئے دنیا میں کوئی ٹھکانہ نہ ہوگا۔ حکومت برطانیہ آج کی نسبت بہت طاقتور ہوگی۔ برعظیم پاکستان و ہند کی طرح افریقہ میں بھی آزادی کے لئے فسادات ہوں گے۔ تعلیمی سطح گر جائے گی۔ معاشی پس ماندگی زوروں پر ہوگی۔ غذائی مسئلہ زیادہ پیچیدہ ہوتا جائے گا۔

صنعت و حرفت کی تعلیم اور ٹیکنیکل کام زوروں پر ہوں گے مگر ثقافتی اور تہذیبی یا ادبی تعلیم و تربیت کی اہمیت ختم ہو جائے گی لوگوں کا معیار پست ہو جائے گا۔ نقطۂ نظر محدود ہوگا۔ لوگ ہر کام کسی خاص ضرورت یا ذاتی فائدے کے لئے کریں گے، انفرادی فائدہ مقدم ہوگا۔ مفلوک الحال اور غریب انسان کے لئے زندگی دوبھر ہوگی۔ حکومتوں کا رجحان صرف اپنی جنگی ضرورتوں اور افرادِ حکومت کی ذاتی آسائش کی طرف ہوگا۔ مطلق العنان بادشاہت کے انداز ہر ملک میں نمایاں ہوں گے۔ سکول اور کالج سیاست کا اکھاڑہ بن جائیں گے۔ اور دُنیا کی آبادی چھ ارب یعنی دُگنی ہو جائے گی۔

Scanned with CamScanner

نور الہدیٰ مدنی قرآن مجید مصری عکسی

یوں تو بے شمار قرآن مجید اب تک طبع ہو چکے ہیں لیکن ہم نے نور الہدیٰ مدنی قرآن مجید عکسی میں آٹھ صفحات کا رنگین ضروری ضمیمہ شامل کیا ہے جس میں بے شمار ضروری معلومات، مثلاً آداب تلاوت، رموز اوقاف، تجوید و قرآۃ، قرآن کی بعض سورتوں کے نقش، فالنامہ و اعمالِ قرآنی کا مزید اضافہ کیا ہے جس کی وجہ سے اس کی اہمیت بیحد بڑھ گئی ہے اور دیگر مطابع کے قرآن مجید سے بے حد نمایاں و ممتاز ہو گیا ہے علاوہ ازیں دیگر خصوصیات درج ذیل ہیں۔

۱- اغلاط سے پاک - ۲- ہر اعراب اپنے صحیح مقام پر۔ ۳- علامہ سجاوندیؒ کے رموز و اوقاف کے مطابق۔ ۴- ہر سطر کے درمیان لائن، ہر حرف جدا واضح اور غیر مبہم جس سے پڑھنے والے کو بیحد سہولت ہوتی ہے۔ آنکھوں میں نور دل میں سرور پیدا ہوتا ہے۔ ۵- کتابت بیحد صاف خوشخط اور جلی - ۶- طباعت کی رنگینیوں سے آراستہ ہر صفحے پر خوشنما بیل ٹائیٹل دیدہ زیب سہ رنگہ آرٹ پیپر جلد مضبوط بائنڈنگ کلاتھ سائز ۲۰×۳۰/۸ ضخامت ۸۰۰ صفحات ان تمام خوبیوں کے باوجود ہدیہ اس قدر کم اور رعایتی رکھا ہے کہ ہر معمولی حیثیت کا آدمی بھی بہ آسانی خرید سکے۔

قرآن مجید کے اِس مفید و ارزاں ترین ایڈیشن کو آج ہی طلب فرمائیے۔ علٰحدہ علٰحدہ پاروں کا مکمل سیٹ بھی موجود ہے۔

هدیہ قرآن مجید قسم اول گلیز کاغذ آٹھ روپے پچاس پیسے
" " دوم رنگین " آٹھ روپے
" " سوم میکانیکل " سات روپے پچاس پیسے

هدیہ قرآن مجید سیٹ مجلد کامل میکانیکل کاغذ اٹھارہ روپے
" " " رنگین ٹائیٹل والے " آٹھ روپے

[illegible] حسین

از مفتی انتظام اللہ شہابی

نواسۂ رسول حضرت امام حسینؓ کی سیرت پاک حضرت مفتی صاحب نے نہایت ہی اثر انگیز پیرائے میں مستند کتب کے حوالوں سے مرتب فرمائی ہے جس کی خوبی کا اندازہ مطالعہ کے بعد ہی ہو سکے گا۔ حقیقت یہ ہے کہ اس موضوع پر اس سے بہتر کتاب اردو میں ملنی مشکل ہے زبان سلیس و عام فہم ہے کتابت و طباعت عمدہ و دیدہ زیب ہے سائز ۲۰×۳۰/۱۶ ضخامت ۱۹۲ صفحات دو رنگا حسین سرورق نے خوبصورتی میں مزید چار چاند لگا دیئے ہیں۔

قیمت: ایک روپیہ پچھتر پیسے ۱/۷۵

اطیب البیان رد تقویت الایمان

مولوی محمد اسماعیل دہلوی نے فرقہ وہابیہ کے حق میں مسلمانوں کو گمراہ کرنے کے لئے شیخ نجدی کی کتاب "التوحید" کا چربہ تقویت الایمان کے نام سے پیش کیا ہے۔ یہ ایک بڑی دیدہ دلیری اور رہر اہل ایمان کے لئے کھلا چیلنج تھا حضرت مولانا شاہ محمد نعیم الدین مراد آبادی رح نے اس فریب کا پردہ چاک کیا اور مستند حوالوں و تاریخی تحقیق سے اطیب البیان اس کے رد میں لکھی اس کی عظمت پڑھنے سے ہی ظاہر ہوگی ایسی سیر حاصل بحث جس نے فرقہ وہابیہ کو ہلا کر رکھ دیا ایسی معرکۃ الآرا تصنیف جو ہر دور کی ضرورت ہے۔ کتابت وطباعت دیدہ زیب کاغذ عمدہ گلیز ضخامت ۰۰۴ صفحات سرورق حسین ق سائز $\frac{۲۰ \times ۳۰}{۱۶}$ - قیمت ۴/=

حدائق بخشش

اعلحضرت مولانا احمد رضا خاں فاضل بریلوی کی دینی و علمی حیثیت سے پاک و ہند کا ہر مسلمان بخوبی واقف ہے۔ آپ نے عشق رسول کے جذبے سے سرشار ہو کر جو نعتیں کہی ہیں وہ حدائق بخشش میں یکجا جمع کر دی گئی ہیں جسکا ہر ہر لفظ دل میں اُترتا چلا جاتا ہے ایک محبت بھرے دل کی پکار ایک عظیم انسان کا ندرانۂ عقیدت وہ نعتیں جو آپ کے دل کو محبت رسول ص سے بھر دیں گی اس کی نعتیں میلاد پاک کی مبارک محفلوں میں عرصہ دراز سے بڑے شوق سے پڑھی جاتی ہیں جس کو سُن کر ہر مسلمان عجیب لذت محسوس کرتا ہے۔ ہم نے جلی کتابت و خوبصورت طباعت کے ساتھ شائع کیا ہے۔ چہار رنگہ آرٹ پیپر کے خوبصورت ٹائیٹل نے اس کی خوبصورتی میں مزید چار چاند لگا دیئے ہیں سائز $\frac{۲۷ \times ۱۷}{۸}$ ضخامت ۲۲۰ صفحات

قیمت

مجلد قسم اول تین روپے

مجلد قسم دوم دو روپے پچیس پیسے

ملفوظات اعلحضرت

اعلحضرت شاہ احمد رضا خاں بریلوی کی ہستی محتاج تعارف نہیں ہند و پاکستان کا ہر مسلمان آپ کی دینی و علمی حیثیت سے بخوبی واقف ہے آپ نے مختلف مجالس میں لوگوں کے دینی سوالات کے جو جوابات دیئے تھے وہ آپ کے عقیدت مندوں نے لفظ بہ لفظ رقم کر لئے تھے جو عرصہ ہوا ہندوستان میں طبع ہو کر اپنی افادیت کی وجہ سے ہاتھوں ہاتھ نکل گئے اب کافی دنوں سے ناپید تھے اسی ضرورت کے پیش نظر ہم نے اس مفید کتاب کو جو چار حصوں پر مشتمل ہے انتہائی خوشخط کتابت کے ساتھ شائع کیا ہے دینی مسائل سے واقفیت کے لیے اس کا مطالعہ بے حد سود مند ہے آج ہی طلب فرما کر اس نعمت عظمیٰ سے مستفید ہوں۔ کاغذ عمدہ گلیز۔ سائز $\frac{۲۲ \times ۱۸}{۸}$ ضخامت حصہ اوّل ۱۳۲ صفحات قیمت حصہ اول تین روپے۔ ضخامت حصہ دوم ۱۱۶ صفحات قیمت حصہ دوم تین روپے۔ ضخامت حصہ سوم ۸۰ صفحات قیمت دو روپے پچاس پیسے ضخامت حصہ چہارم ۸۰ صفحات قیمت دو روپے پچاس پیسے

Scanned with CamScanner

تاریخ سیرت رسول عربی صلی اللہ علیہ وسلم

① ۲۲ اپریل ۵۷۱ء — پیدائش
② تقریباً ایک ہفتہ بعد — حلیمہ سعدیہ کے آغوش رضاعت میں
③ پانچ سال کی عمر میں — آغوش مادر میں واپسی
④ چھ سال کی عمر میں — والدۂ ماجدہ کا انتقال
⑤ آٹھ " " " " — دادا عبد المطلب کی وفات
⑥ بارہ " " " " — شام کا پہلا تجارتی سفر
⑦ پچیس " " " " — حضرت خدیجہؓ سے نکاح
⑧ تیس " " " " — قوم کی طرف سے الامین کا خطاب
⑨ پینتیس " " " " — تمام قبائل کی طرف سے حجرِ اسود کے معاملہ میں ثالث بنائے گئے۔
⑩ سینتیس سال کی عمر میں — غارِ حرا کے خلوتکدہ میں مصروفِ عبادت
⑪ چالیس " " " " — پہلی وحی کا نزول
⑫ سنہ ۳ نبوی ۴۳ سال کی عمر میں — چالیس عورتوں اور مردوں کا اسلام قبول کرنا۔
⑬ سنہ ۵ نبوی ۴۵ سال کی عمر میں — حبشہ کی طرف صحابہؓ کو ہجرت کا حکم
⑭ سنہ ۶ " ۴۶ " " " " — حضرت حمزہؓ و عمرؓ کا اسلام لانا
⑮ سنہ ۷ " ۴۷ " " " " — کفار کی طرف سے بائیکاٹ۔ نیز شعب ابی طالب میں محصور ہونا۔
⑯ سنہ ۱۰ نبوی ۵۰ سال کی عمر میں — معاشرتی بائیکاٹ کا خاتمہ۔ چچا ابوطالب کا انتقال۔ حضرت خدیجہؓ کی وفات۔ تبلیغ کے لئے طائف کا سفر۔ حضرت عائشہؓ کا نکاح۔ سفر معراج۔
⑰ سنہ ۱۱ نبوی ۵۱ سال کی عمر میں — مدینہ کے چھ آدمیوں کا انتقال
⑱ سنہ ۱۲ " ۵۲ " " " " — مدینہ کے ۷۲ آدمیوں کا قبولِ اسلام۔ ہجرت مدینہ۔
⑲ سنہ ۱ ہجری ۵۴ سال کی عمر میں — مدینے کے شہری نظم و نسق کی دیکھ بھال
⑳ سنہ ۲ھ ۵۵ " " " " — کفار کا پہلا حملہ، بدر میں اسلام کی پہلی فتح۔
㉑ سنہ ۳ھ ۵۶ سال کی عمر میں — کفار کا دوسرا حملہ، اُحد میں اسلام کی دوسری فتح

ایام	جنوری ۱۹۶۷ء	رمضان ۱۳۸۶ھ	پوہ ۲۰۲۳ بکرمی	تہوار واقعات اور عرائس
اتوار	۱	۱۸	۱۷	
پیر	۲	۱۹	۱۸	
منگل	۳	۲۰	۱۹	
بدھ	۴	۲۱	۲۰	شہادت حضرت علیؓ
جمعرات	۵	۲۲	۲۱	
جمعہ	۶	۲۳	۲۲	
ہفتہ	۷	۲۴	۲۳	
اتوار	۸	۲۵	۲۴	
پیر	۹	۲۶	۲۵	لیلۃ القدر
منگل	۱۰	۲۷	۲۶	
بدھ	۱۱	۲۸	۲۷	
جمعرات	۱۲	۲۹	۲۸	
جمعہ	۱۳	۳۰	۲۹	جمعۃ الوداع
ہفتہ	۱۴	شوال	۳۰	عید الفطر
اتوار	۱۵	۲	ماگھ	
پیر	۱۶	۳	۲	
منگل	۱۷	۴	۳	
بدھ	۱۸	۵	۴	
جمعرات	۱۹	۶	۵	
جمعہ	۲۰	۷	۶	
ہفتہ	۲۱	۸	۷	
اتوار	۲۲	۹	۸	
پیر	۲۳	۱۰	۹	
منگل	۲۴	۱۱	۱۰	
بدھ	۲۵	۱۲	۱۱	
جمعرات	۲۶	۱۳	۱۲	
جمعہ	۲۷	۱۴	۱۳	
ہفتہ	۲۸	۱۵	۱۴	
اتوار	۲۹	۱۶	۱۵	
پیر	۳۰	۱۷	۱۶	عرس حضرت امیر خسروؒ
منگل	۳۱	۱۸	۱۷	

Scanned with CamScanner

٦٦٢ مدنی بنتی

فیوض یزدانی ترجمہ الفتح الربانی

مترجمہ مولانا عاشق الٰہی میرٹھی

سیدنا شیخ عبدالقادر جیلانیؒ

حضرت سیدنا شیخ عبدالقادر جیلانیؒ کے مواعظ حسنہ کا وہ بیش بہا ذخیرہ جس نے لاکھوں انسانوں کی زندگیاں بدلکر انہیں سچا مومن بنادیا۔ مسئلہ تصوف پر ایسی مدلل و جامع کتاب جسکی نظیر نہیں ملتی۔ تصوف جیسے پیچیدہ و مشکل مسئلے کو حضرت پیرانِ پیرؒ نے جس عمدگی سے سمجھایا ہے وہ آپؒ ہی کا حصہ ہے۔ جملہ مسلمانوں کیلئے عموماً و تصوف سے دلچسپی رکھنے والوں کیلئے خصوصاً یہ کتاب نعمتِ غیر مترقبہ سے کم نہیں ہے۔ اصل کتاب عربی زبان میں تھی جس سے صرف عربی داں طبقہ ہی مستفید ہوسکتا تھا۔ اُردو داں حضرات کی دشواریوں کے پیشِ نظر عالمِ بے بدل حضرت مولانا عاشق الٰہی مرحوم نے انتہائی سلیس و عام فہم اُردو زبان میں اس کا ترجمہ کر کے عرصہ ہوا طبع کرایا تھا جو مدت سے نایاب تھا ہم نے شرعی طور پر ترجمہ کے حقوق حاصل کر کے عمدہ کتابت و دیدہ زیب طباعت کے ساتھ ایک کالم میں عربی متن اور دوسرے کالم میں اردو ترجمہ شائع کیا ہے آج ہی طلب فرماکر اس نعمت عظمیٰ سے استفادہ فرمائیں

سائز ۲۰×۳۰/۸ ضخامت ۶۷۲ صفحات مجلد مع دو رنگہ گرد پوش

قیمت بارہ روپے ۔/۱۲

ابریز ترجمہ تبریز حصہ اول

مصنفہ

غوث الزماں شمس العرفاں سید عبدالعزیز دباغؒ

مترجمہ:- مولانا عاشق الٰہی میرٹھی (مرحوم)

بارہویں صدی ہجری کے ولیٔ کامل غوثِ زماں حضرت سید عبدالعزیز دباغ قدس اللہ سرہ کے ارشادات عالیہ جن میں معارف و علوم کے بیش بہا ذخیرے ہیں اس کتاب میں آپکے مُرید خاص قدوۃ العلماء زبدۃ الفضلاء۔ امام ہمام علامہ احمد بن مبارک سلجماسیؒ نے جمع فرمائے ہیں۔ اپنے موضوع کے اعتبار سے عجیب و غریب کتاب ہے۔ جملہ مسلمانوں کیلئے عموماً و تصوف سے دلچسپی رکھنے والوں کیلئے خصوصاً بیش بہا نعمت ہے۔ حضرت مولانا عاشق الٰہی میرٹھی مرحوم نے عرصہ ہوا سلیس زبان میں ترجمہ کر کے طبع کرایا تھا جو اپنی اہمیت کی وجہ سے ہاتھوں ہاتھ فروخت ہوگیا۔ کتاب عرصہ سے نایاب تھی ہم نے خوشخط کتابت کے ساتھ عمدہ گلیز کاغذ پر خوبصورت طباعت سے مزین کر کے شائع کیا ہے۔ سائز ۲۰×۲۶/۸ ضخامت حصہ اول ۳۶۸ صفحات

قیمت مجلد مع حسین گرد پوش ۹ روپے۔ حصہ دوم زیر طبع

مدینہ پبلشنگ کمپنی مشہور محل میکلوڈ روڈ کراچی

Scanned with CamScanner

مدنی قرآن مجید معریٰ

اس قرآن مجید کو خوشخط وجلی کتابت کے ساتھ جدید ترین طریقۂ طباعت آفسٹ پر دیدہ زیب طباعت سے آراستہ کیا ہے ہر سطر کے درمیان میں لائن اور حرف جدا جس سے ہر عمر کا آدمی آسانی سے تلاوت کر سکتا ہے اغلاط سے پاک ہر اعراب برمحل اپنے صحیح مقام پر شروع میں آداب تلاوت و رموز و اوقاف کا رنگین ضروری ضمیمہ جس کی وجہ سے دیگر مطابع کے قرآن مجید سے ممتاز و خوبصورت ہے ان خوبیوں کے باوجود ہدیہ انتہائی کم ہے تاکہ ہر خاص و عام مستفید ہو سکے کاغذ میکانیکل گلیز چہار رنگہ سرورق نے خوبصورتی میں مزید چار چاند لگا دیئے ہیں

سائز $\frac{20 \times 28}{8}$ صفحات ۵۲۰

مجلد پشتہ پارچہ هدیه

چار روپے پچاس پیسے

فضائل صدقات

از شیخ الحدیث علامہ محمد زکریا صاحب مدظلہ

صدقہ رد بلا ہے۔ ہزاروں مصیبتوں کا ایک علاج ہے۔ صدقات کی فضیلتیں اور برکتیں آیات قرآنی و احادیث نبوی ص سے منتخب کر کے بے حد دلچسپ انداز و سلیس زبان میں "فضائل صدقات" میں حضرت مولانا نے جمع فرمائی ہیں۔ دو حصوں میں مکمل کتاب جس کی کتابت و طباعت بے حد پسندیدہ و معیاری ہے۔ دو رنگا حسین سرورق سائز $\frac{18 \times 22}{8}$ کاغذ گلیز عمدہ

ضخامت حصہ اول ۳۴۴ صفحات

قیمت حصہ اول چار روپے

ضخامت حصہ دوم ۳۸۴ صفحات

قیمت حصہ دوم چار روپے پچاس پیسے

حکایات صحابہ رض

شیخ الحدیث علامہ محمد زکریا صاحب مدظلہ

حضور ص کا ارشاد ہے اے لوگو! میں ابوبکر رض سے خوش ہوں تم لوگ ان کا مرتبہ پہچانو، میں عمر رض سے، عثمان رض سے، علی رض سے، طلحہ رض سے، زبیر رض سے، سعد رض سے، سعید رض سے، عبدالرحمن بن عوف رض، ابوعبیدہ رض سے خوش ہوں تم لوگ ان کا مرتبہ پہچانو اے لوگو! اللہ جل شانہ نے بدر کی لڑائی میں شریک ہونے والوں اور حدیبیہ کی لڑائی میں شریک ہونے والوں کی مغفرت فرما دی تم میرے صحابہ رض کے بارے میں میری رعایت کیا کرو۔ اللہ تعالیٰ کے نیک بندوں اور حضور ص کے پیارے صحابہ رض کے بارے میں مفصل انداز اور دلنشین تصنیف کی ہوئی کتاب جس کو پڑھنے سے آپ کو معلوم ہوگا کہ نیک لوگوں کے اعمال کیا ہوتے ہیں اور اللہ پاک اور اس کا رسول ص کن باتوں سے خوش ہوتے ہیں اور صحابہ کو کس وجہ سے اتنا عظیم مرتبہ حاصل ہوا آسمان رسالت کے چمکتے ہوئے ستاروں کی باتیں جو آپ کے لیے مشعل راہ کا کام دیں گی حکایات صحابہ میں جمع کر دی گئی ہیں۔ کاغذ عمدہ گلیز سائز $\frac{18 \times 22}{8}$ ضخامت ۲۳۲ صفحات سرورق حسین دو رنگہ۔

قیمت تین روپے ۳/-

(۲۲) سنہ ۴ھ ۵۷ سال کی عمر میں — بنو عامر کی دغابازی اور قراء کی شہادت
(۲۳) سنہ ۵ھ ۵۸ سال کی عمر میں — کفار کا تیسرا حملہ، جنگ خندق
(۲۴) سنہ ۶ھ ۵۹ سال کی عمر میں — صُلح حدیبیہ
(۲۵) سنہ ۷ھ ۶۰ سال کی عمر میں — بادشاہوں کو دعوت نامے۔ فتح خیبر
(۲۶) سنہ ۸ھ ۶۱ سال کی عمر میں — مُوتہ کا واقعہ، فتح مکہ و حنین کا واقعہ
(۲۷) سنہ ۹ھ ۶۲ سال کی عمر میں — جنگ تبوک، مسلمانوں کا حج کرنا
(۲۸) سنہ ۹ھ ۶۲ سال کی عمر میں — وفود کی آمد
(۲۹) سنہ ۱۰ھ ۶۳ سال کی عمر میں — حجۃ الوداع اور مشہور آخری واقعہ
(۳۰) سنہ ۱۱ھ ۶۳ سال کی عمر میں — علالت اور وفات

ترکیب نماز جنازہ

نیت:- نیت کرتا ہوں میں چار تکبیرات نماز جنازہ فرض کفایہ، ثنا اللہ کے لئے درُود رسُول اللہ کے لئے، دُعا میت کے لئے، اس امام کے پیچھے اَللّٰہُ اَکْبَرْ کہہ کر ہاتھ باندھ لے، پھر یہ پڑھے

سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ وَبِحَمْدِكَ وَتَبَارَكَ اسْمُكَ وَتَعَالٰى جَدُّكَ وَجَلَّ ثَنَآءُكَ وَلَآ اِلٰهَ غَيْرُكَ ط

پھر دوسری تکبیر بلا ہاتھ اٹھائے کہی جائے گی، اس کے بعد یہ درود پڑھے اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ وَسَلَّمْتَ وَبَارَكْتَ وَرَحِمْتَ وَتَرَحَّمْتَ عَلٰٓى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰٓى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ۔

پھر تیسری تکبیر کے بعد یہ پڑھے:- اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِحَيِّنَا وَمَيِّتِنَا وَشَاهِدِنَا وَغَآئِبِنَا وَصَغِيْرِنَا وَكَبِيْرِنَا وَذَكَرِنَا وَاُنْثَانَا ط اَللّٰهُمَّ مَنْ اَحْيَيْتَهٗ مِنَّا فَاَحْيِهٖ عَلَى الْاِسْلَامِ وَمَنْ تَوَفَّيْتَهٗ مِنَّا فَتَوَفَّهٗ عَلَى الْاِيْمَانِ ط اور چوتھی تکبیر کہہ کر سلام پھیر دے۔

اگر میت لڑکا ہے تو مذکورہ دُعا کے بجائے یہ دُعا پڑھے:- اَللّٰهُمَّ اجْعَلْهُ لَنَا فَرَطًا وَّاجْعَلْهُ لَنَآ اَجْرًا وَّذُخْرًا وَّاجْعَلْهُ لَنَا شَافِعًا وَّمُشَفَّعًا ط

لڑکی ہو تو یہ پڑھے:- اَللّٰهُمَّ اجْعَلْهَا لَنَا فَرَطًا وَّاجْعَلْهَا لَنَآ اَجْرًا وَّذُخْرًا وَّاجْعَلْهَا لَنَا شَافِعَةً وَّمُشَفَّعَةً ط

بعد میں سب مسلمان مل کر میت کے لئے ہاتھ اٹھا کر دُعا کریں، اور کم از کم چالیس قدم ساتھ چلیں۔

ایام ۲۸	فروری ۱۹۶۷ء	شوال ۱۳۸۶ھ	ماگھ ۲۰۲۳ بکرمی	تہوار واقعات اور عرائس
بدھ	۱	۱۹	۱۸	
جمعرات	۲	۲۰	۱۹	
جمعہ	۳	۲۱	۲۰	
ہفتہ	۴	۲۲	۲۱	
اتوار	۵	۲۳	۲۲	
پیر	۶	۲۴	۲۳	
منگل	۷	۲۵	۲۴	
بدھ	۸	۲۶	۲۵	
جمعرات	۹	۲۷	۲۶	
جمعہ	۱۰	۲۸	۲۷	
ہفتہ	۱۱	۲۹	۲۸	
اتوار	۱۲	ذیقعدہ	۲۹	
پیر	۱۳	۲	پھاگن	
منگل	۱۴	۳	۲	
بدھ	۱۵	۴	۳	
جمعرات	۱۶	۵	۴	
جمعہ	۱۷	۶	۵	
ہفتہ	۱۸	۷	۶	
اتوار	۱۹	۸	۷	
پیر	۲۰	۹	۸	
منگل	۲۱	۱۰	۹	
بدھ	۲۲	۱۱	۱۰	
جمعرات	۲۳	۱۲	۱۱	
جمعہ	۲۴	۱۳	۱۲	
ہفتہ	۲۵	۱۴	۱۳	
اتوار	۲۶	۱۵	۱۴	ہجرت آنحضور مکہ سے مدینہ
پیر	۲۷	۱۶	۱۵	
منگل	۲۸	۱۷	۱۶	

Scanned with CamScanner

کرم بالائے کرم

اگر آپ کو جاگتے میں تاجدار مدینہ کے دیدار کی تمنا ہے تو حضرت بہزاد لکھنوی کی تازہ ترین نعتوں کے مجموعے کرم بالائے کرمؐ کا مطالعہ کیجئے۔ حضرت بلالؓ رسول اکرمؐ کی محبت سے سرشار ہو کر اذان دیتے تھے اور اُن کی زبان سے نکلا ہوا اذان کا ایک ایک لفظ سامعین کے قلوب کی گہرائیوں میں اترتا چلا جاتا تھا حضرت بہزاد لکھنوی، رسول اکرمؐ کی محبت سے سرشار ہو کر اشعار کہتے ہیں اور ان کے ہر ہر شعر کا ایک ایک لفظ لوگوں کے دل کی گہرائیوں میں اترتا چلا جاتا ہے۔ حضرت بہزاد لکھنوی جن کی ادبی حیثیت مسلّم اور جن کے شعری درجہ کو ہر شخص نے تسلیم کیا ہے۔ جن کی زندگی اسلام کے لئے وقف ہے اور جن کا دل محبت رسولؐ میں ڈوبا ہوا ہے ان کی طرف سے دربارِ رسالت میں پیش کی ہوئی ایسی روح پرور نعتوں کو جن کا ایک ایک لفظ آپ کے دل میں اُتر کر آپ کو محبت رسولؐ سے سرشار کردے گا ہم نے آفسٹ کی دیدہ زیب طباعت سے آراستہ کرکے کرم بالائے کرمؐ کے نام سے پیش کیا ہے۔ کرم بالائے کرم ایسی نعتوں کا مجموعہ ہے جو ٹوٹے ہوئے دل اور روتی ہوئی آنکھوں سے صحن حرم محراب النبیؐ اور مسجد نبوی میں پیش کی گئیں۔ کرم بالائے کرم کی نعتوں کو بیت اللہ اور مسجد نبویؐ کی روح پرور تجلیات نے نورٌ علیٰ نور بنا دیا ہے۔ اس کو پڑھ کر آپ کو محسوس ہوگا کہ آپ نے اپنا دل مدینہ والے کے لئے مخصوص کر دیا ہے اور آپ کا دل اس دربار مقدس میں حاضری کے لئے بےچین ہو جائے گا جہاں کی آستاں بوسی تاجدارانِ عالم کیلئے باعث نجات ہے اور جہاں ملائکہ آج بھی صبح و شام درود و سلام کے لئے حاضر ہوتے ہیں نظرافروز کتابت رُوح پرور آفسٹ کی طباعت، ہر صفحے پر خوش نما بیل اور خوبصورت سرورق مجلد اور دیدہ زیب گرد پوش کے باوجود ھدیہ صرف پانچ روپے آج ہی طلب فرما کر جاگتے میں تاجدار مدینہ کا دیدار کیجئے۔

آداب تلاوت قرآن

تلاوت ہر مسلمان پر فرض ہے او سب ہی کرتے ہیں لیکن اسکے آداب سے واقف ہو کر تلاوت کرنے میں جو مزہ ہے وہ بیان نہیں کیا جاسکتا وہ ثواب ہے جو تحریر نہیں کیا جاسکتا حضرت مفتی انتظام اللہ شہابی نے اس نازک مسئلہ کو بڑے مستند او محققانہ انداز میں تحریر کیا ہے اس قدر جامع کتاب جس کا کوئی جواب نہیں اس سے واقف ہونا آپ کا ایمانی فریضہ ہے اور اس پر عمل کرنا موجب خیر و برکت اور ذریعہ نجات ہے۔ کتابت و طباعت معیاری خوشخط دو رنگہ حسین سرورق کاغذ عمدہ گلیز سائز ۱۸×۲۲/۸ ضخامت ۸۰ صفحات مجلد معہ گرد پوش قیمت ۲ دو روپے

مدینہ پبلشنگ کمپنی مشہور محل میکلوڈ روڈ کراچی

درسِ حدیث

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ○

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بڑا مہربان اور نہایت رحم والا ہے۔

عَنۡ مُعَاذٍ قَالَ اَخَذَ بِیَدِیۡ رَسُوۡلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَسَلَّمَ

حضرت معاذ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ حضورِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے میرا ہاتھ پکڑا

فَمَشٰی قَلِیۡلًا ثُمَّ قَالَ یَا مُعَاذُ اُوۡصِیۡكَ بِتَقۡوَی اللّٰہِ وَصِدۡقِ الۡحَدِیۡثِ

اور تھوڑی دُور چلے پھر فرمایا کہ اے معاذ! میں تمھیں نصیحت کرتا ہوں خدا سے ڈرنے کی، سچ بولنے کی

وَوَفَآءِ الۡعَھۡدِ وَاَدَآءِ الۡاَمَانَةِ وَتَرۡكِ الۡخِیَانَةِ وَرَحۡمِ الۡیَتِیۡمِ وَحِفۡظِ الۡجِوَارِ

وعدہ پُورا کرنے کی، امانت ادا کرنے کی، خیانت سے بچنے کی، یتیم پر رحم کرنے کی، ہمسایہ کا حق ادا کرنے کی۔

وَکَظۡمِ الۡغَیۡظِ وَلِیۡنِ الۡکَلَامِ وَبَذۡلِ السَّلَامِ وَلُزُوۡمِ الۡاِمَامِ وَالتَّفَقُّهِ

غصّہ کو ضبط کرنے کی، نرمی سے گفتگو کرنے کی، سلام کو رواج دینے کی، امیر کی اطاعت کرنے کی، قرآن کریم کی

فِی الۡقُرۡاٰنِ وَحُبِّ الۡاٰخِرَةِ وَالۡجَزۡعِ مِنَ الۡحِسَابِ وَقَصۡرِ الۡاَمَلِ

کما حقہٗ سمجھ پیدا کرنے کی، آخرت سے محبت کرنے کی، حسابِ محشر سے ڈرنے کی، اُمیدوں کو کم کرنے کی،

وَحُسۡنِ الۡعَمَلِ وَاَنۡھَاكَ اَنۡ تَشۡتِمَ مُسۡلِمًا اَوۡ تُصَدِّقَ کَاذِبًا

اور حُسنِ عمل کی۔ اور (اے معاذ) میں تمھیں منع کرتا ہوں کسی مُسلمان کو گالی دینے سے یا کسی جھوٹے آدمی کی تصدیق کرنے سے

اَوۡ تُکَذِّبَ صَادِقًا اَوۡ تَعۡصِیَ اِمَامًا عَادِلًا وَاَنۡ تُفۡسِدَ فِی الۡاَرۡضِ

یا کسی سچے آدمی کی تکذیب کرنے سے، یا امامِ عادل کی نافرمانی کرنے سے، اور دنیا میں شور و شر اور فساد پھیلانے سے۔

یَا مُعَاذُ اُذۡکُرِ اللّٰہَ عِنۡدَ کُلِّ شَجَرٍ وَّحَجَرٍ وَاَحۡدِثۡ لِکُلِّ ذَنۡبٍ

اے معاذ ہر شجر و حجر کے پاس (یعنی ہر وقت اور ہر جگہ) اللہ کا ذکر کرتے رہو اور ہر گناہ سے توبہ کرنے میں جلدی

تَوۡبَةً اَلسِّرُّ بِالسِّرِّ وَالۡعَلَانِیَةُ بِالۡعَلَانِیَةِ (رواہ البیھقی فی الزھد)

کرو پوشیدہ گناہ سے تنہائی میں اور علانیہ گناہ سے سب کے سامنے (توبہ کرو)۔

مدینہ پبلشنگ کمپنی مشہور محل میکلوڈ روڈ کراچی

Scanned with CamScanner

نماز تسبیح

نیت :- نیت کرتا ہوں میں چار رکعت نماز تسبیح واسطے اللہ تعالےٰ کے منہ میرا کعبہ شریف کی طرف اللہُ اکبر ۔ سُبحانَکَ اللّٰھُمَّ وَ بِحَمدِکَ وَتَبَارَکَ اسْمُکَ وَ تَعَالیٰ جَدُّکَ وَلَآ اِلٰہَ غَیرُکَ ؕ پھر پندرہ بار یہ پڑھے سُبحَانَ اللہِ وَ الحَمدُ لِلّٰہِ وَ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللہُ وَ اللہُ اَکبَرُ پھر اَعُوذُ اور بِسمِ اللہِ اور اَلحَمدُ کے بعد کوئی سورت پڑھے پھر دس بار یہی تسبیح پڑھے۔ پھر رکوع کرے اور اس میں دس بار یہی تسبیح پڑھے، پھر رکوع سے سر اٹھائے اور سَمِعَ اللہُ لِمَن حَمِدَہٗ اور رَبَّنَا لَکَ الحَمدُ کے بعد دس مرتبہ یہی تسبیح پڑھے پھر سجدہ میں جائے اور دس مرتبہ یہی تسبیح پڑھے، پھر سجدہ سے سر اٹھائے اور دس مرتبہ تسبیح پڑھے پھر سجدہ میں جائے اور دس مرتبہ تسبیح پڑھے ۔ یہ ایک رکعت ہوئی۔ چاروں رکعتیں اسی طرح پڑھے ۔ ہر رکعت میں پچھتر مرتبہ تسبیح ہوئی۔ رکوع و سجود میں سُبحَانَ رَبِّیَ العَظِیمِ اور سُبحَانَ رَبِّیَ الاَعلیٰ کے بعد پڑھی جائے گی۔

فضیلت :- اس نماز سے اگلے پچھلے، پُرانے نئے، قصداً بھول کر، چھوٹے، بڑے، پوشیدہ، ظاہر ہر قسم کے گناہ معاف کئے جاتے ہیں۔ روز ایک بار، یا ہر جمعہ کو، یا ہر ماہ میں، یا ہر سال میں، ورنہ کم از کم زندگی میں ایکبار ضرور پڑھیں (ترمذی شریف) ۔

نماز حاجت

ابوداؤد حذیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ جب کبھی رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو کوئی مشکل کام درپیش ہوتا تو آپ اس کے لئے دو یا چار رکعات نماز پڑھتے، اور یہی نماز، نماز حاجت ہے۔

ترکیب :- تکبیر تحریمہ کے بعد پہلی رکعت میں سورہ فاتحہ اور تین بار آیۃ الکرسی اور باقی تینوں رکعتوں میں سورہ فاتحہ کے بعد قُل ھُوَ اللہُ، قُل اَعُوذُ بِرَبِّ الفَلَقِ، قُل اَعُوذُ بِرَبِّ النَّاسِ ایک ایک مرتبہ پڑھے۔ بزرگانِ دین کا کہنا ہے کہ ہم نے یہ نماز پڑھی اور ہماری حاجتیں پوری ہوئیں۔ نماز کے بعد یہ دُعا کرے اَللّٰھُمَّ اِنِّیۤ اَسئَلُکَ وَ اَتَوَسَّلُ وَ اَتَوَجَّہُ اِلَیکَ بِنَبِیِّکَ مُحَمَّدٍ نَّبِیِّ الرَّحمَۃِ یَا رَسُولَ اللہِ اِنِّی تَوَجَّھتُ بِکَ اِلیٰ رَبِّی فِی حَاجَتِی ھٰذِہٖ لِتُقضیٰ لِی اَللّٰھُمَّ فَشَفِّعہُ فِیَّ ۔

(کتب احادیث)

ایام	مارچ ۱۹۶۸ء	ذیقعدہ ۱۳۸۷ھ	پھاگن ۲۰۲۴ بکرمی	تہوار واقعات اور عرائس
بُدھ	۱	۱۸	۱۷	
جمعرات	۲	۱۹	۱۸	
جمعہ	۳	۲۰	۱۹	
ہفتہ	۴	۲۱	۲۰	
اتوار	۵	۲۲	۲۱	
پیر	۶	۲۳	۲۲	
منگل	۷	۲۴	۲۳	
بُدھ	۸	۲۵	۲۴	
جمعرات	۹	۲۶	۲۵	
جمعہ	۱۰	۲۷	۲۶	
ہفتہ	۱۱	۲۸	۲۷	شہادت حضرت حمزہ رض
اتوار	۱۲	۲۹	۲۸	
پیر	۱۳	۳۰	۲۹	
منگل	۱۴	ذی الحجہ	چیت	
بُدھ	۱۵	۲	۲	
جمعرات	۱۶	۳	۳	
جمعہ	۱۷	۴	۴	
ہفتہ	۱۸	۵	۵	
اتوار	۱۹	۶	۶	
پیر	۲۰	۷	۷	
منگل	۲۱	۸	۸	
بدھ	۲۲	۹	۹	یوم الحج ۔ شہادت حضرت مسلم رض
جمعرات	۲۳	۱۰	۱۰	عیدالاضحیٰ ۔ یوم پاکستان
جمعہ	۲۴	۱۱	۱۱	
ہفتہ	۲۵	۱۲	۱۲	
اتوار	۲۶	۱۳	۱۳	
پیر	۲۷	۱۴	۱۴	
منگل	۲۸	۱۵	۱۵	
بدھ	۲۹	۱۶	۱۶	
جمعرات	۳۰	۱۷	۱۷	
جمعہ	۳۱	۱۸	۱۸	شہادت حضرت عثمان رض

سنّت خیر الانام

مصنفہ حضرت مولانا محمد کرم شاہ صاحب فاضل جامعہ ازہر

انکار سنّت کے اس پُرفتن دور میں اس مسئلے کی اہمیت اور بڑھ گئی ہے کہ حضرت رسول کریمؐ کی سنّت مطہرہ کی حقیقت کو زیادہ سے زیادہ عام کیا جائے تاکہ ہر مسلمان سنت رسولؐ کے مطابق اپنی زندگی گزار کر خداوند قدوس کے حضور سرخروئی حاصل کر سکے اس اہم موضوع پر فاضل مصنف نے جس محنت و کاوش کا مظاہرہ کیا ہے اس کی تعریف نہیں کی جاسکتی مختلف رسائل وجرائد اور ہر مکتب خیال کے علماء نے اس کو بے حد پسند فرمایا ہے۔ منکرین حدیث کے لئے تازیانے کی حیثیت رکھتا ہے ہم نے عمدہ خوشخط کتابت وطباعت کے ساتھ اعلیٰ کاغذ پر طبع کیا ہے۔ دو رنگہ حسین سرورق اور مضبوط جلد معہ دو رنگہ حسین گردپوش نے اس میں مزید چار چاند لگادئے ہیں۔ کتاب پر مختلف رسائل نے جو تبصرے کئے ہیں اس کے چند نمونے درج ذیل ہیں جس سے اس کی اہمیت کا بخوبی اندازہ ہوتا ہے۔

فاران:۔ اپنے موضوع پر "سنت خیر الانام" بڑے معرکہ کی کتاب ہے۔ فاضل مؤلف نے شائستگی متانت اور سنجیدگی کی حدود میں رہ کر فتنہ انکار حدیث کا رد فرمایا ہے۔

چراغ راہ:۔ اس موضوع پر اس سے مدلّل اور مفصل کتاب اب تک نہیں لکھی گئی۔

چٹان:۔ یہ کتاب انکار حدیث کی مذموم تحریک پر پوست کندہ تبصرہ ہے۔ حدیث کے موضوع پر عربی، فارسی اور اردو میں جتنی کتابیں لکھی گئی ہیں ان کا ماحصل زیر نظر کتاب میں آگیا ہے۔

تسنیم:۔ فاضل مؤلف نے فی الحقیقت پوری کوشش کی ہے کہ اس موضوع کا کوئی گوشہ تشنہ نہ رہنے پائے۔ طالب حق کو اس کتاب کے دامن میں اطمینان قلب کا بڑا سامان مل سکتا ہے۔

کامران:۔ تحقیق وتدقیق کے باب میں مصنف کی یہ مجاہدانہ کوشش لائق صد ہدیۂ تبریک وتحسین ہے۔

طلوع اسلام:۔ .... اس سے مترشح ہے کہ مصنف نے اسے جذبۂ صادقہ کے ساتھ لکھا ہے۔

قیمت لاگت کے عین مطابق وانتہائی مناسب۔ سائز ۲۲×۱۸/۸ ضخامت ۳۱۲ صفحات قیمت مجلد چھ روپے

قرآن مجید
مترجم قلم کلاں
ہر صفحہ پر ۱۵ سطور
صفحات ۸۰۰ ہدیہ مجلد پارچہ
چھ روپے

مدنی اصلی بہشتی زیور مکمل

مولفہ: حکیم الامت مولانا اشرف علی تھانوی

اگر آپ یہ جاننا چاہتے ہوں کہ (۱) دین کیا ہے؟ (۲) دنیا میں کس طرح رہنا چاہیے؟ (۳) ماں باپ کے حقوق کیا ہیں؟ (۴) بیوی کے حقوق کیا ہیں؟ (۵) بچوں کی تربیت کسطرح کرنا چاہیے؟ (۶) شوہر کے حقوق کیا ہیں؟ (۷) اولاد کے حقوق کیا ہیں؟ (۸) بیاہ شادی پر اسلام کن رسومات کی اجازت دیتا ہے؟ (۹) دنیاوی بیماریوں کا آپ خود کس طرح علاج کر سکتے ہیں؟ (۱۰) اسلامی آداب و اخلاق کیا ہیں؟ تو مدنی بہشتی زیور کا مطالعہ کیجئے جس میں ایسی سینکڑوں باتیں قدم قدم پر آپ کی رہنمائی کریں گی۔

مدنی بہشتی زیور ایک ایسی کتاب ہے جو باپ بیٹوں بھائی، بہنوں، بیویوں، شوہروں، اولاد اور والدین سب کے لئے کارآمد ہے۔ مدنی بہشتی زیور ایسا تحفہ ہے جو ہر لڑکی کے جہیز میں ہونا لازمی ہے۔ مدینہ پبلشنگ کمپنی نے خوبصورت ترین طباعت سے آراستہ کرکے کم سے کم ہدیہ پر شائع کی ہے۔ ہر صفحہ خوبصورت باؤڈر سے مزین کتابت انتہائی خوشخط آفسٹ کی دیدہ زیب طباعت سرورق دو رنگہ عکسی آرٹ پیپر پر، جلد مضبوط، دیدہ زیب سنہری ڈائی سائز ۲۶×۲۰ ضخامت ۸۰۴ صفحات ایسی کتنی ہی خوبیوں کے باوجود ہدیہ صرف چھ روپے پچاس پیسے محصولڈاک ایک روپیہ پچاس پیسے علاوہ۔ مدنی بہشتی زیور کے اس خوب ترین اور ارزاں ترین ایڈیشن کو آج ہی طلب فرماکر رہِ حیات کے ہر ہر موڑ پر اسلامی رہنمائی حاصل کیجئے۔

خطبات الاحکام مترجم

نماز جمعہ و عیدین و تقریبات میں جو خطبے ہم آپ سنتے ہیں وہ عربی میں ہوتے ہیں اس لیے ہم آپ ان کو نہیں سمجھ سکتے حضرت مولانا اشرف علی تھانوی نے اس اہم سوال کو محسوس کرکے تمام اہم خطبات کو یکجا کرکے ان کا ترجمہ بھی کر دیا ہے۔ خطبات الاحکام مترجم ایسی کتاب ہے جس کا عالم، مولوی، مفتی اور ایک عام مسلمان سب کے پاس ہونا لازمی ہے۔ کاغذ عمدہ، نگینہ ضخامت ۱۹۶ صفحات سائز ۲۰×۲۶ سرورق حسین اور کتابت و طباعت نہایت خوبصورت و دیدہ زیب۔ قیمت دو روپے پچاس پیسے

اصلاح الرسوم

مصنفہ: حضرت مولانا اشرف علی تھانوی

ہمارے معاشرے میں مروجہ رسومات کی وجہ سے جس قدر خرابیاں پیدا ہوئی ہیں وہ اظہر من الشمس ہیں بیشتر رسومات کو تو لوگوں نے دین کے درجہ میں سمجھ رکھا ہے۔ ان خرابیوں کی اصلاح کی غرض سے حضرت مولانا نے یہ کتاب تصنیف فرمائی ہے جس کا مطالعہ ہر مسلمان کے لیے بیحد ضروری ہے۔ طباعت فراز ہے کتابت طباعت دیدہ زیب معیاری کاغذ عمدہ نگینہ ضخامت ۲۴۰ صفحات سائز ۲۰×۳۰/۱۶ قیمت دو روپے پچاس پیسے

Scanned with CamScanner

سچّی باتیں

قرآن کا پڑھنا رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ قرآن پڑھا کرو کیونکہ وہ قیامت کے روز اپنے پڑھنے والوں کے لئے سفارشی بن کر آئے گا اور ان کو بخشوائے گا۔ (مسلم)

ذریعۂ نجات حضرت انسؓ سے مروی ہے کہ رسُول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تین چیزیں جس شخص میں پائی جائیں گی اُسے ایمان کی مٹھاس نصیب ہوگی پہلا وہ شخص جو اللہ اور اس کے رسولؐ کو سب سے زائد محبوب رکھے دوسرا وہ شخص جس کو خدا کے بندوں سے خدا کے لئے محبت ہو۔ تیسرا وہ شخص جس کو خُدا نے کُفر سے بچالیا ہو اور اب وہ کفر کی طرف آنے کو اس قدر ناپسند کرتا ہو جتنا کہ آگ میں ڈالے جانے کو (بخاری و مسلم)۔

دُعا حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو شخص خُدا سے دُعا نہیں کرتا خدا اس پر ناراض ہوتا ہے (بخاری مسلم)۔

نیکوں کی صحبت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ کسی نے بارگاہِ رسالت میں عرض کی کہ یارسول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلم ہم کس کی صُحبت میں بیٹھیں۔ تو آپؐ نے فرمایا کہ ایسے شخص کے پاس بیٹھو جس کا دیکھنا تم کو اللہ کی یاد دلادے، اور جس کا بولنا تمہارے علم میں ترقی دے، جس کا علم تم کو آخرت کی یاد دلائے۔ (مسند ابی یعلی)

کسی کی مُصیبت پر خوش ہونا حضرت واثلہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اپنے مُسلمان بھائی کی دینی یا دُنیاوی برائی پر خوشی ظاہر نہ کرو کہیں ایسا نہ ہو کہ اللہ اس پر رحم فرمادے اور تم کو اس مصیبت میں مبتلا کردے۔

ظالم اور مظلوم دونوں کی امداد حضرت انسؓ سے مروی ہے کہ رسُول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اپنے بھائی کی مدد کرو، خواہ وہ ظالم ہو یا مظلوم ایک شخص نے عرض کی یا رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلم مظلوم ہونے کی صورت میں تو مدد کروں مگر ظالم ہونے کی حالت میں کیسے مدد کروں۔ تو آپؐ نے فرمایا کہ اس کو ظلم سے روک دینا ہی تمہاری مدد ہے (بخاری مسلم)۔

حُسن سلوک حضرت ابن عباسؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ وہ شخص ہماری جماعت سے خارج ہے جو کم عمر پر رحم نہ کرے اور بڑی عمر والے کی عزت نہ کرے اور نیک کام کی نصیحت نہ کرے اور بُرے کام سے منع نہ کرے (ترمذی)۔

پڑوسی کا حق ابن عباس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ انہوں نے رسُول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے سُنا کہ وہ شخص کمل ایمان دار نہیں جو خود اپنا پیٹ بھرلے اور اس کا پڑوسی اس کے برابر میں بھُوکا رہے (بیہقی)۔

عیادت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ جب کوئی مسلمان اپنے بھائی کی بیمار پُرسی کرتا ہے یا ویسے ہی ملاقات کے لئے جاتا ہے تو اللہ فرماتا ہے کہ تو بھی پاکیزہ ہے اور تیرا چلنا بھی پاکیزہ ہے تو نے جنّت میں اپنا مقام بنالیا ہے (ترمذی)۔

ایام	اپریل ۱۹۶۷ء	ذی الحجہ ۱۳۸۶ھ	چیت ۲۰۲۴ بکرمی	تہوار واقعات اور عرائس
ہفتہ	۱	۱۹	۱۹	
اتوار	۲	۲۰	۲۰	
پیر	۳	۲۱	۲۱	
منگل	۴	۲۲	۲۲	
بدھ	۵	۲۳	۲۳	
جمعرات	۶	۲۴	۲۴	
جمعہ	۷	۲۵	۲۵	
ہفتہ	۸	۲۶	۲۶	شہادت حضرت عمرؓ
اتوار	۹	۲۷	۲۷	
پیر	۱۰	۲۸	۲۸	
منگل	۱۱	۲۹	۲۹	
بدھ	۱۲	محرم	۳۰	
جمعرات	۱۳	۲	بیساکھ	
جمعہ	۱۴	۳	۲	
ہفتہ	۱۵	۴	۳	
اتوار	۱۶	۵	۴	
پیر	۱۷	۶	۵	
منگل	۱۸	۷	۶	
بدھ	۱۹	۸	۷	
جمعرات	۲۰	۹	۸	
جمعہ	۲۱	۱۰	۹	عاشورہ۔ یوم اقبالؒ
ہفتہ	۲۲	۱۱	۱۰	
اتوار	۲۳	۱۲	۱۱	
پیر	۲۴	۱۳	۱۲	
منگل	۲۵	۱۴	۱۳	
بدھ	۲۶	۱۵	۱۴	
جمعرات	۲۷	۱۶	۱۵	
جمعہ	۲۸	۱۷	۱۶	
ہفتہ	۲۹	۱۸	۱۷	
اتوار	۳۰	۱۹	۱۸	

Scanned with CamScanner

تاریخ اسلام

مکمل

مصنفہ حضرت مولانا عاشق الہیؒ میرٹھی

اسلام دنیا کے لئے تو ایک تاریخ بن گیا ہے ایک ایسی تاریخ جسکو تا قیامت دوام حاصل رہیگا اسلام جسکے مقلدین نے ہر دنیاوی ظلم وستم کا خندہ پیشانی سے مقابلہ کیا جنہوں نے دنیا کے دور دراز حصوں تک جا کے مظلوموں کی مدد کی عدل فاروقی سے دنیا کو آگاہ کیا۔ نظام صدق وصفا قائم کیا اسلام جیسی حضرت صدیقؓ جیسے حضرت فاروقؓ جیسے عظیم قائد حضرت بلالؓ جیسے محبت کرنیوالے اور حضرت خالدؓ جیسے شجاع گزرے ——— حضور رسول کریمؐ کی حیات طیبہ مکمل اسلام ہے اور انکی حیات طیبہ کو مستند انداز سے تحریر کرنا آسان کام نہیں یہ مرحلہ وہی کر سکتا ہے جو صاحب دل اور بالغ نظر ہو۔ حضرت مولانا عاشق الہی میرٹھی مرحوم نے یہ عظیم کام کا بیڑا اٹھایا اور اس کو پورا کرکے ہر ایک سے خراج تحسین حاصل کیا انکی کتاب شہرہ آفاق تصنیف "اسلام" سیرت مبارکہ پر اس قدر جامع اور مستند کتاب ہے کہ ہر ذی علم نے اس کی اہمیت کا اعتراف کیا ہے۔

یہ عظیم کتاب جو پاکستان میں نایاب تھی ہم نے شرعی طور پر اجازت حاصل کرنے کے بعد بہترین کتابت اور خوبصورت طباعت سے آراستہ کرکے دوبارہ شائع کیا ہے۔ کاغذ عمدہ گلیز۔ سائز ۲۰×۲۶/۸ صفحات ۳۹۲ مضبوط جلد مع حسین ۲ رنگہ ڈبہ زیب گرد پوش

ہدیہ مجلد نو روپے

مصنفہ حضرت مولانا عاشق الہی میرٹھی مرحوم

امداد السلوک

تصوف جیسے پیچیدہ و نازک مسئلے کو اس کتاب میں مولانا موصوف نے جس عمدگی سے پیش فرمایا ہے اسکے متعلق علماء حق کا فیصلہ ہے کہ تصوف پر انتہائی قابل قدر تصنیف ہے۔ مولانا موصوف کی منفرد طرز تحریر نے مزید چار چاند لگا دئے ہیں۔ آجکل بے دینی کے اس دور میں جبکہ تصوف جیسے مسئلے کو لوگوں نے اپنی خواہش پوری کرنے و دنیا سازی کا وسیلہ بنا رکھا ہے ایسی کتاب کا مطالعہ بے حد ضروری ہے۔ کتابت وطباعت معیاری ہونے کے ثبوت میں مدینہ پبلشنگ کمپنی کا نام ہی ضمانت ہے۔ سائز ۱۸×۲۲/۸ ضخامت ۱۸۴ صفحات دو۲ رنگہ حسین سرورق

قیمت:- مجلد چار روپے

جواہر الحکم

مؤلفہ مولانا محمد بدرعالم میرٹھی مرحوم

فی زمانہ مغرب زدگی کی تقلید کی وجہ سے اپنے دین سے بیزاری کی جو ہوا مسلمانوں میں پھیل رہی ہے اس فتنہ سے مسلم
کو خبردار و محفوظ رکھنے کے لئے مولانا موصوف نے منتخب احادیث نبوی کے حوالے سے یہ ثابت کیا ہے کہ مسلمانوں
و دنیوی فلاح و کامیابی کا راز سنت نبوی پر مضبوطی سے عمل کرنے میں مضمر ہے۔ مولانا موصوف کی علمیت و بزرگی
ہے جس سے پاک و ہند کا علم داں طبقہ بخوبی واقف ہے فی زمانہ اس کتاب کا وجود مسلمانوں کے لئے رحمت الٰہی
کم نہیں ہر مسلمان کے لئے اس کا مطالعہ بیحد ضروری و مفید ہے کتابت انتہائی خوشخط جلی آفسٹ کی دیدہ زیب طباع
کاغذ عمدہ گلیز۔

سائز $\frac{20\times30}{16}$	ضخامت	حصہ اوّل	۵۶	صفحات	قیمت ایک روپیہ
"	"	" دوم	۱۰۴	"	" دو روپیہ
"	"	" سوم	۳۱۴	"	" تین روپیہ

فلسفۂ عبادات اسلامی

مجاہد ملت حضرت مولانا شاہ محمد عبد الحامد صاحب قادری بدایونی نے اسلامی عبادات کے فلسفے کو بالکل ہی اچھوتے انداز میں تحریر فرمایا ہے، جملہ مسلمانوں کیلئے عموماً اور جدید تعلیمیافتہ طبقہ کیلئے خصوصاً مفید کتاب ہے، انداز بیان اس قدر دلچسپ ہے کہ ایک ایک لفظ پڑھنے والے کے دل و دماغ میں نقش ہوتا جاتا ہے۔ لادینی کے اس دور میں جبکہ دینی کاموں کی طرف سے بیحد غفلت ہوتی جارہی ہے۔ مولانا موصوف نے اس کتاب کو تصنیف فرما کر بہت ہی نیک اور مفید کارنامہ انجام دیا ہے۔ کتابت و طباعت خوشخط دیدہ زیب کاغذ عمدہ گلیز۔ سائز $\frac{18\times22}{8}$ ضخامت ۴۸ صفحات دو رنگہ سرورق۔

قیمت مجلد دو روپئے

کتاب و سنت غیروں کی نظر میں

مجاہد ملت شیخ طریقت حضرت مولانا عبد الحامد بدایونی نے اپ
اس کتاب میں دیگر مذاہب کے اکابر و مصلح حضرات کے اقوال کو بڑ
محنت و کاوش سے جمع فرمایا ہے جس کے پڑھنے سے دین اسلام ک
سچائی اور اہمیت کا صحیح اندازہ ہوتا ہے لادینی کے موجودہ دو
اس کا مطالعہ بیحد مفید اور ضروری ہے زبان انتہائی پاکیزہ
سلیس اور طرز بیان بیحد دلچسپ ہے کتابت و طباعت
خوشخط دیدہ زیب کاغذ عمدہ گلیز سائز $\frac{18\times22}{8}$ ضخامت
۸۰ صفحات دو رنگہ حسین سرورق۔

قیمت مجلد دو روپے

مدینہ پبلشنگ کمپنی مشہور محل میکلوڈ روڈ کراچی

Scanned with CamScanner

خواتینِ اسلام

از مفتی انتظام اللہ شہابی

اسلام کی تاریخ میں ایسی ایسی نامور بہادر اور نیک دل خواتین کا تذکرہ ملتا ہے جس کی نظیر دنیا کی کوئی دوسری قوم پیش نہیں کرسکتی۔ اپنے اسلاف کے کارناموں سے واقفیت ہر قوم کے لئے بیحد ضروری ہوتی ہے اُردو میں ایسی جامع کتاب اس موضوع پر اب تک کوئی نہیں تھی جس میں خواتین اسلام کا مکمل تذکرہ جمع ہوتا لہٰذا اس ضرورت کے پیش نظر ملک کے نامور اہل قلم و عالم بے بدل حضرت مفتی انتظام اللہ شہابی جو متعدد کتابوں کے مصنف ہیں نے یہ کتاب مرتب فرمائی ہے جو واقعات کے اعتبار سے بے حد مستند اور زبان کے لحاظ سے انتہائی سلیس و عام فہم ہے اس کا مطالعہ جملہ مسلمانوں کے لیے عموماً اور خواتین کے لیے خصوصاً بے حد ضروری و سود مند ہے کتابت وطباعت انتہائی خوشخط و دیدہ زیب ہے۔ خوبصورت دو رنگہ گرد پوش و مضبوط جلد نے مزید چار چاند لگا دیئے ہیں۔
سائز ۲۲×۱۸ ضخامت ۳۱۲ صفحات کاغذ عمدہ گلیز۔ قیمت مجلد چھ روپے۔

راہِ نجات معہ طریقۂ نکاح

اسلام کیا ہے؟ مسلمان کسے کہتے ہیں؟ ارکان دین کیا ہیں؟ وضو کس طرح کرنا چاہیئے؟ اور اسکے نواقص کیا ہیں؟ نماز کے فرائض اور واجبات کیا ہیں؟ اذان کس طرح کہنی چاہیئے؟ جماعت کسے کہتے ہیں؟ امامت کیا ہوتی ہے؟ جنازہ کی نماز کس طرح ادا ہوتی ہے؟ زکوٰۃ صدقہ اور فطرہ میں کیا فرق ہے؟ روزہ اور اسکے مسائل کیا ہیں؟ حج کن پر فرض ہے؟ اور کس طرح ادا ہوتا ہے؟ نکاح کس طرح پڑھایا جاتا ہے؟ اگر آپ یہ باتیں جاننا چاہتے ہیں تو "راہ نجات" طلب کیجئے ایک انسان کو مسلمان بنانے والی کتاب "راہ نجات" آپ کی نجات کا ذریعہ بن جائیگی جس کی کتابت وطباعت معیاری اور سرورق دو رنگہ حسین ہے سائز ۲۶×۲۰ ضخامت ۳۲ صفحات۔ قیمت سینتیس پیسے

شفاء العلیل ترجمہ القول الجمیل

حضرت علامہ شاہ ولی اللہ صاحبؒ کی بلند مرتبت سے کون ہے جو واقف نہیں "القول الجمیل" حضرت شاہ صاحبؒ کی تصوف کے مسئلے پر ایک اہم ترین تصنیف کا ترجمہ "شفاء العلیل" کے نام سے خوبصورت طریقے پر طبع کیا ہے تصوف کے مسئلے کو اگر آپ سمجھنا چاہتے ہیں تو شفاء العلیل ترجمہ القول الجمیل کا مطالعہ آپ کے لیے لازمی ہے اپنے موضوع پر ایک جامع مدلل اور اہم ترین کتاب ہے، اہل طریقت کیلئے یہ کتاب نعمت سے کم نہیں۔ کتابت و طباعت انتہائی خوشخط و دیدہ زیب ہے۔ کاغذ عمدہ گلیز ضخامت ۲۰۰ صفحات۔ سائز ۳۰×۲۰/۱۶ ٹائیٹل دو رنگہ حسین و خوش رنگ۔ قیمت قسم اوّل دو روپے۔ قسم دوم ایک روپیہ پچاس پیسے۔

مدینہ پبلشنگ کمپنی مشہور محل میکلوڈ روڈ کراچی

ایام	مئی ۱۹۶۷ء	محرم ۱۳۸۷ھ	بیساکھ ۲۰۲۴ بکرمی	تہوار واقعات اور عرائس
پیر	۱	۲۰	۱۹	
منگل	۲	۲۱	۲۰	وفات حضرت بلالؓ
بدھ	۳	۲۲	۲۱	
جمعرات	۴	۲۳	۲۲	
جمعہ	۵	۲۴	۲۳	شہادت سلطان ٹیپوؒ
ہفتہ	۶	۲۵	۲۴	
اتوار	۷	۲۶	۲۵	
پیر	۸	۲۷	۲۶	
منگل	۹	۲۸	۲۷	
بدھ	۱۰	۲۹	۲۸	
جمعرات	۱۱	۳۰	۲۹	
جمعہ	۱۲	صفر	۳۰	عرس حاجی وارث علی شاہ دیوہ شریف
ہفتہ	۱۳	۲	۳۱	
اتوار	۱۴	۳	جیٹھ	
پیر	۱۵	۴	۲	
منگل	۱۶	۵	۳	
بدھ	۱۷	۶	۴	
جمعرات	۱۸	۷	۵	
جمعہ	۱۹	۸	۶	
ہفتہ	۲۰	۹	۷	
اتوار	۲۱	۱۰	۸	
پیر	۲۲	۱۱	۹	
منگل	۲۳	۱۲	۱۰	
بدھ	۲۴	۱۳	۱۱	
جمعرات	۲۵	۱۴	۱۲	
جمعہ	۲۶	۱۵	۱۳	
ہفتہ	۲۷	۱۶	۱۴	
اتوار	۲۸	۱۷	۱۵	
پیر	۲۹	۱۸	۱۶	
منگل	۳۰	۱۹	۱۷	
بدھ	۳۱	۲۰	۱۸	چہلم

مقدمات میں کامیابی کی دُعا

حضرت شاہ محمود عالم رزقیؒ "تحفۃ السالکین" میں لکھتے ہیں اگر کسی دشمن نے کوئی مقدمہ آپ کے خلاف دائر کر دیا ہے جس کی وجہ سے آپ پریشان ہیں اور بظاہر نجات کے آثار نہیں ہیں تو آپ بروز جمعرات بعد نماز فجر ایک سو ایک مرتبہ یہ کلمات پڑھئے، انشاء اللہ کامیابی آپ کے حصے میں آئے گی۔ وَمَنْ یَّتَّقِ اللّٰہَ یَجْعَلْ لَّہٗ مِنْ اَمْرِہٖ یُسْرًا ○

سید بہاء الدین علوی "میزان الادیان" میں لکھتے ہیں فقیر کے علم و یقین میں مقدمات کی کامیابی کے لئے بروز جمعرات بعد نماز عشاء اکیس (۲۱) بار اِن آیات کا پڑھنا اثر آفریں ہے وَمَنْ یَّتَّقِ اللّٰہَ یَجْعَلْ لَّہٗ مَخْرَجًا وَّیَرْزُقْہُ مِنْ حَیْثُ لَا یَحْتَسِبُ ط وَمَنْ یَّتَوَکَّلْ عَلَی اللّٰہِ فَھُوَ حَسْبُہٗ ط اِنَّ اللّٰہَ بَالِغُ اَمْرِہٖ ط قَدْ جَعَلَ اللّٰہُ لِکُلِّ شَیْءٍ قَدْرًا ○

امتحان میں کامیابی کی دُعا

شیخ عبدالوہاب شعرانیؒ الملفوظ میں لکھتے ہیں جو عمل آج میں لکھ رہا ہوں یہ مجھ کو میرے شیخ طریقت سے پہنچا ہے۔ اس کا فائدہ یہ ہے کہ اگر کوئی شخص وقت کی پابندی کے ساتھ روزانہ علی الصباح اس عمل کو ایک سو گیارہ بار پڑھے تو اس کا حافظہ بے حد قوی ہو جائے گا، اس کے ذہن میں تازگی پیدا ہو جائے گی، وہ جن اسباق یا کُتب کو یاد کرنا چاہے گا وہ اسباق آسانی سے یاد ہو جائیں گے۔ اگر کوئی امتحان قریب ہے تو اس عمل کو تین سو تیرہ بار پڑھنا چاہیئے فَمَنْ یُّرِدِ اللّٰہُ اَنْ یَّھْدِیَہٗ یَشْرَحْ صَدْرَہٗ۔

آسُودہ حالی حاصل کرنے کے لئے یہ عمل مجرب ہے۔ علی الصباح فجر کی سُنتیں پڑھ کر فرض سے پہلے ایک سو ایک بار یہ آیت پڑھے اِسْتَعِیْنُوْا بِاللّٰہِ وَاصْبِرُوْا ج اِنَّ الْاَرْضَ لِلّٰہِ یُوْرِثُھَا مَنْ یَّشَآءُ مِنْ عِبَادِہٖ ط

بچھو کے کاٹنے کا علاج

حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ایک دن نماز ادا فرما رہے تھے، ایک خبیث بچھو نے آپؐ کے پیر میں ڈنک مارا جس کے سبب حضورؐ کو سخت تکلیف ہوئی۔ آپؐ نے تھوڑا سا پانی اور نمک منگا کر نمک کو پانی میں گھول کر زخم پر لگایا اور قُلْ ھُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ۔ قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ اور قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ اخیر تک پڑھ کر تکلیف کی جگہ دَم کرنا شروع کیا، تھوڑی سی دیر میں بالکل آرام ہو گیا۔ ہر مسلمان ایسے موقعہ پر ایسا کر سکتا ہے۔ انشاء اللہ اس عمل سے تکلیف ضرور رفع ہو جائے گی۔

Scanned with CamScanner

حیات المسلمین

مصنفہ:۔ مولانا اشرف علی تھانوی رح

زندگی ہم بھی گزارتے ہیں آپ بھی اور ایک غیر مسلم بھی لیکن اصل زندگی وہ ہے جو اللہ تعالیٰ اور اس کے بتائے طریقوں سے گزاری جائے۔ رہِ حیات کے ہر موڑ پر رہنمائی کے لئے قرآن اور احادیث نبوی موجود ہیں۔ ضرورت تھی کہ ایسی اہم آیاتِ قرآنی اور احادیثِ نبوی کو یکجا کیا جائے جو حیاتِ انسانی کے لئے لازمی ہیں تاکہ لوگوں کو آسانی کے ساتھ معلوم ہو سکے کہ مسلمانوں کی زندگی کس طرح گزرنی چاہیئے۔

الحمد للہ کہ حضرت مولانا اشرف علی تھانوی رح نے وقت کی اس اہم ترین ضرورت کو محسوس فرمایا اور ایسی نوّے آیات قرآنی اور تین سو چالیس سے زائد احادیث کو "حیات المسلمین" میں جمع فرمادیا اگر آپ چاہتے ہیں کہ آپ کی زندگی اللہ اور اس کے رسولؐ کے بتائے ہوئے طریقے کے مطابق بسر ہو تو حیات المسلمین کا مطالعہ اور اُس سے ہدایت حاصل کرنا آپ کے لئے لازمی ہے۔ اگر آپ دین و دنیا میں سُرخروئی چاہتے ہیں تو حیاۃ المسلمین کو پڑھنا اور اس پر عمل کرنا لازمی ہے۔ کاغذ عمدہ گلیز سائز $\frac{۲۰\times۳۰}{۸}$ ضخامت ۳۰۴ صفحات سرورق دورنگہ قیمت تین روپے

فضائل تبلیغ

از شیخ الحدیث علامہ محمد زکریا صاحب مدظلہ

تبلیغ اسلام کی بے شمار فضیلتیں ہیں۔ قرآن اس بارے میں کیا کہتا ہے اور احادیث نبوی میں کیا ارشاد ہے یہ جاننے کے لئے فضائل تبلیغ کا مطالعہ کیجئے۔ تبلیغی کام کرنیوالوں کے لئے بیحد مفید کتاب ہے کتابت انتہائی خوشخط آفسٹ کی دیدہ زیب طباعت سے آراستہ $\frac{۱۸\times۲۲}{۸}$ ضخامت ۸۰ صفحات کاغذ عمدہ گلیز سرورق دورنگہ حسین

قیمت چوالیس پیسے ۴۴ علاوہ محصول

فضائل رمضان

از شیخ الحدیث علامہ محمد زکریا صاحب مدظلہ

رمضان المبارک رحمتوں کا مہینہ ہے جس کی ہر ہر ساعت میں لاتعداد رحمتیں آسمان سے اترتی ہیں اسی بابرکت مہینہ کے فضائل فاضل مؤلف نے آیات قرآنی و احادیث نبوی سے مرتب فرمائے ہیں انداز بیان دلچسپ اور دلنشین طباعت و کتابت بصورت معیاری سائز $\frac{۲۰\times۳۰}{۱۶}$ ضخامت ۱۱۲ صفحات

قیمت باسٹھ پیسے ۶۲

مدینہ پبلشنگ کمپنی مشہور محل میکلوڈ روڈ کراچی

قرآن مجید مترجم معہ تفسیر عثمانی

ترجمہ: حجۃ الاسلام شیخ الہند حضرت مولانا محمود الحسن قدس اللہ سرہ

تفسیر: شیخ الہند مولانا محمود الحسن اسیر مالٹا و شیخ الاسلام مولانا شبیر احمد عثمانیؒ

قرآن کریم کی تلاوت ہر مسلمان پر فرض ہے اور سب ہی کرتے ہیں لیکن جب تک سمجھ کر نہ پڑھا جائے اس سے وہ فوائد حاصل نہیں ہوتے جو ہونے چاہئیں اس کے لئے ضروری ہے کہ مترجم قرآن مجید کی تلاوت کی جائے تاکہ نفسِ مضمون سے کما حقہ آگاہی ہو کر عمل کا جذبہ پیدا ہو اسی غرض سے ہم نے وہ قرآن مجید مترجم منتخب کیا ہے جو شہرت دوام حاصل کر چکا ہے۔ تفسیر کے اعتبار سے اس سے بہتر قرآن مجید اردو زبان میں کوئی دوسرا موجود نہیں ہے اس میں ترجمہ حضرت شیخ الہند مولانا محمود الحسن کا اور تفسیر از ابتدا تا سورۃ النساء شیخ الہند و بقیہ تفسیر شیخ الاسلام مولانا شبیر احمد عثمانی کی ہے جو اپنے افادیت کے اعتبار سے بے مثل ہے کتابت انتہائی خوشخط ہر اعراب اپنے صحیح مقام پر تاکہ ہر لفظ صحیح طور پر پڑھا جا سکے ہم نے جدید ترین طریقۂ طباعت آفسٹ کے ذریعہ عمدہ گلیز کاغذ پر دو رنگوں میں طبع کر کے اس کی خوبصورتی میں مزید اضافہ کیا ہے۔ جلد مضبوط سنہری ڈائی سے مزین ہے، ہدیہ انتہائی معمولی لاگت کے عین مطابق ہے تاکہ ہر خاص و عام مستفید ہو سکے سائز ۲۲×۲۹/۸ ضخامت ۷۹۴ صفحات ہدیہ مجلد سولہ ۱۶ روپیہ:۔ علاوہ محصول ڈاک۔

خواب نامہ یوسف کلاں

مرتبہ: عبد الرحمٰن شوق

مکمل خواب نامہ یوسف علیہ السلام یعنی تعبیر نامہ یوسفؑ اور فالنامہ امام موسیٰ رضاؓ جس میں سائنس کی نظر میں خواب کی حقیقت امام غزالیؒ کا فلسفہ خواب۔ علم التعبیر کے عام اصول ہر قسم کے خوابوں کی تعبیروں کے بالتفصیل حالات قابلِ احترام ائمہ دین علیہ الرحمۃ کی مستند روایات سے اخذ کر کے درج کئے ہیں کتابت و طباعت عمدہ سائز ۲۰×۲۶/۸ ضخامت ۳۰۴ صفحات۔

قیمت:۔ تین روپئے

ایام	جون ۱۹۶۷ء	صفر ۱۳۸۷ھ	جیٹھ ۲۰۲۴ بکرمی	تہوار واقعات اور عرائس
جمعرات	۱	۲۱	۱۹	
جمعہ	۲	۲۲	۲۰	عرس مخدوم شاہ مینا لکھنؤ
ہفتہ	۳	۲۳	۲۱	
اتوار	۴	۲۴	۲۲	
پیر	۵	۲۵	۲۳	
منگل	۶	۲۶	۲۴	
بدھ	۷	۲۷	۲۵	آخری چہار شنبہ
جمعرات	۸	۲۸	۲۶	
جمعہ	۹	۲۹	۲۷	
ہفتہ	۱۰	ربیع الاول	۲۸	
اتوار	۱۱	۲	۲۹	
پیر	۱۲	۳	۳۰	
منگل	۱۳	۴	۳۱	
بدھ	۱۴	۵	۳۲	
جمعرات	۱۵	۶	اساڑھ	
جمعہ	۱۶	۷	۲	
ہفتہ	۱۷	۸	۳	
اتوار	۱۸	۹	۴	
پیر	۱۹	۱۰	۵	
منگل	۲۰	۱۱	۶	
بدھ	۲۱	۱۲	۷	عید میلاد النبیؐ
جمعرات	۲۲	۱۳	۸	
جمعہ	۲۳	۱۴	۹	
ہفتہ	۲۴	۱۵	۱۰	
اتوار	۲۵	۱۶	۱۱	
پیر	۲۶	۱۷	۱۲	
منگل	۲۷	۱۸	۱۳	
بدھ	۲۸	۱۹	۱۴	
جمعرات	۲۹	۲۰	۱۵	
جمعہ	۳۰	۲۱	۱۶	

سر کے درد اور ورم کا علاج

مواہب لدنیہ میں ابن السنی سے منقول ہے کہ حضرت اسمار بنت ابی بکر صدیق رضی اللہ عنہا نے حضورِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی حضور میں دردِ سر اور ورم کی شکایت کی۔ حضورِ اکرمؐ نے اپنا ہاتھ حضرت اسمارؓ کے سر کے دوپٹہ کے اوپر رکھا اور یہ کلمات پڑھ کر درد اور ورم جھاڑا۔ بِسْمِ اللّٰهِ اَذْهِبْ عَنْهَا سُوْءَهٗ وَفُحْشَهٗ بِدَعْوَةِ نَبِيِّكَ الطَّيِّبِ الْمُبَارَكِ الْمَتِيْنِ عِنْدَكَ بِسْمِ اللّٰهِ تین مرتبہ اسے پڑھ کر جھاڑا پھر حضرت اسمارؓ کو حکم دیا کہ تم خود اسی طرح جھاڑنا۔ حضرت اسمارؓ نے تین روز تک اسی طرح پڑھ کر جھاڑا خدا کے فضل سے درد بھی جاتا رہا اور ورم بھی نہ رہا۔

داڑھ کے درد کا علاج

مواہب حمیدی سے منقول ہے کہ ایک دن بی بی فاطمہ زہرا رضی اللہ عنہا اپنے داڑھ دانتوں کے درد کی شکایت لے کر حضورِ اکرمؐ کی خدمت میں آئیں۔ حضورؐ نے اپنی انگلی بی بی فاطمہؓ کے دانتوں پر رکھ کر فرمایا بِسْمِ اللّٰهِ وَبِاللّٰهِ اَسْئَلُكَ بِعِزِّكَ وَجَلَالِكَ وَقُدْرَتِكَ عَلٰى كُلِّ فَاِنَّ مَرْيَمَ لَمْ تَلِدْ غَيْرِ عِيْسٰى مِنْ رُوْحِكَ وَكَلِمَتِكَ اَنْ تَشْفِيَ مَا بِفَاطِمَةَ بِنْتِ خَدِيْجَةَ مِنَ الضُّرِّ كُلِّهَا۔

کان کے درد کا علاج

اگر کان میں شدید درد ہے تو تین بار یہ کلمات پڑھ کر کان پر دَم کر دیجئے انشاء اللہ صحت ہو جائے گی قُلْ مَنْ يَّرْزُقُكُمْ مِّنَ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ اَمَّنْ يَّمْلِكُ السَّمْعَ وَالْاَبْصَارَ وَمَنْ يُّخْرِجُ الْحَيَّ مِنَ الْمَيِّتِ وَيُخْرِجُ الْمَيِّتَ مِنَ الْحَيِّ وَمَنْ يُّدَبِّرُ الْاَمْرَ ۝

دیوانے کُتے کے کاٹنے کا علاج

جس آدمی کو دیوانہ کُتا کاٹے اور اُس کے پاگل ہو جانے کا خطرہ ہو تو مندرجہ ذیل آیت کو روٹی کے چالیس ۴۰ ٹکڑوں پر لکھ کر مریض کو شہد کے ساتھ کھلائے اِنَّهُمْ يَكِيْدُوْنَ كَيْدًا ۙ وَّاَكِيْدُ كَيْدًا ۝ اور مندرجہ ذیل آیات تین بار پانی پر دَم کرکے مریض کو پلائے تَبٰرَكَ الَّذِيْ لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا وَعِنْدَهٗ عِلْمُ السَّاعَةِ ۚ وَاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ۝ وَهُوَ الَّذِيْ فِي السَّمَآءِ اِلٰهٌ وَّفِي الْاَرْضِ اِلٰهٌ ۭ وَهُوَ الْحَكِيْمُ الْعَلِيْمُ ۝

Scanned with CamScanner

فضائل حج

شیخ الحدیث علامہ محمد زکریا صاحب مدظلہ

حج جو رکن دین ہے اس کی فضیلتیں کیا ہیں قرآن کریم نے اس بارے میں کیا ارشاد کیا ہے اور احادیث نبوی سے کیا ثابت ہوتا ہے حضرت مولانا موصوف نے اس کتاب میں ارکانِ حج اور حج کی دعاؤں کو مفصل طور پر مذکور فرمایا ہے۔ ایک ایسی کتاب جو عازمینِ حج کے لئے خصوصاً اور جملہ مسلمانوں کے لئے عموماً بیحد ضروری و قابل مطالعہ ہے۔ کاغذ عمدہ گلیز۔ دو رنگہ حسین سرورق۔ سائز $\frac{20\times30}{16}$ ضخامت ۴۸ صفحات۔

قیمت:۔ چار روپے

فضائل نماز

شیخ الحدیث علامہ محمد زکریا صاحب مدظلہ

روز محشر کہ جاں گداز بود۔ اولیں پرسش نماز بود۔ اسلام کے اس رکن اول و رکن اعظم کی فضیلتیں جس کے بغیر اسلام نامکمل ہے۔ فاضل مؤلف نے نماز پڑھنے کے فضائل و نماز چھوڑنے کی وعیدیں آیات قرآنی و احادیث نبوی سے مرتب کرکے پیش کی ہیں۔ انتہائی دل نشین و سادہ اور دلچسپ زبان میں ایک اہم کتاب ہے۔ کتابت و طباعت بہترین دیدہ زیب دو رنگہ حسین سرورق کاغذ عمدہ گلیز سائز $\frac{20\times30}{16}$ ضخامت ۷۶ صفحات۔ قیمت ایک روپیہ۔

فضائل ذکر

شیخ الحدیث علامہ محمد زکریا صاحب مدظلہ

اللہ تعالیٰ کے ذکر کی بے شمار فضیلتیں جن کو پڑھ کر آپ کا دل خود اللہ کے ذکر پر مجبور ہو جائیگا۔ حضرت مولانا نے اس کتاب میں جمع فرمادی ہیں اپنے موضوع پر مستند اور اہم ترین کتاب ہے دلچسپ انداز بیان اور آسان و سادہ زبان جو دل کے اندر اترتی چلی جاتی ہے اور طبیعت کو ذکر اللہ پر مائل کر دیتی ہے۔ کتابت و طباعت عمدہ معیاری کاغذ میکانیکل سفید سرورق دو رنگہ حسین سائز $\frac{20\times30}{16}$ ضخامت ۳۳۶ صفحات

قیمت: دو روپے پچھتر پیسے

نشاناتِ قیامت

پروفیسر ملک محمد عنایت اللہ ایم اے

کفر و الحاد کے اس نازک دور میں یہ بحد ضروری ہے کہ قیامت کا خیال ہر وقت مسلمانوں کے پیش نظر رہے تاکہ دینی کاموں میں زیادہ سے زیادہ دلچسپی و رغبت پیدا ہو اسی ضرورت کے پیش نظر پروفیسر موصوف نے یہ کتاب مرتب فرمائی ہے جس میں قرآن و احادیث کے حوالوں سے قیامت کی نشانیاں جمع فرمائی ہیں تاکہ ہر مسلمان کو بخوبی اندازہ ہو سکے کہ قیامت کی بیشتر نشانیاں ظہور میں آچکی ہیں لہٰذا عمل کی طرف سے قطعی غفلت نہ ہونی چاہیئے ۔ اپنے موضوع کے اعتبار سے بے حد ضروری و قابلِ مطالعہ کتاب ہے زبان عام فہم و سلیس ہے کتابت و طباعت خوشخط معیاری ہے ۔ سائز ۲۲×۱۸/۸ ضخامت ۵۶ صفحات دو رنگہ حسین سرورق قیمت پچاس پیسے

حضرت عمر فاروق رضؓ

پروفیسر ملک محمد عنایت اللہ ایم اے

وہ عظیم ہستی جس کے مسلمان ہونے کی دعا خود حضور سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نے کی اور وہ جب مسلمان ہوئے سب نے علی الاعلان پہلی بار نماز ادا کی وہ جنھوں نے مسلمانوں کو کافروں سے علیحدہ کیا ۔ وہ جو فاروق کہلائے ، وہ جنھوں نے اسلام کو تابندگی عطا کی ، وہ جن کے مغربی مفکر آج بھی معترف ہیں ، وہ خلیفہ ثانی جن کا دورِ خلافت تاریخ اسلام کا جگمگاتا باب ہے ۔ ان کی سوانح حیات پڑھنا آپ پر لازم ہے کیونکہ ان کی سوانح حیات ایک مردِ مومن کا مکمل نمونہ ہے ۔ اس مختصر لیکن اہم ترین کتاب کو آج ہی طلب فرمائیے اور پہلی فرصت میں پڑھیئے ۔ خوشنما کتابت معیاری طباعت ، دیدہ زیب سرورق ، کاغذ عمدہ گلیز سائز ۲۰×۳۰/۱۶ ضخامت ۶۴ صفحات ۔ قیمت پچھتر پیسے

حضرت ابوبکر صدیق رضؓ

پروفیسر ملک محمد عنایت اللہ ایم اے

حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے یارِ غار اور صادق دوست مسلمانوں کے پہلے خلیفہ ، اسلام کے خادمِ خاص جنگی بہادر زندگی مکمل اسلام ہے ایک مختصر کتاب میں ان کی مکمل سوانح حیات تحریر کرنا ایک بہت بڑا کام ہے فاضل مؤلف نے یہ کام کر کے دریا کو کوزہ میں بند کر دیا ہے کتابت و طباعت خوشخط اور دیدہ زیب دو رنگہ حسین سرورق کاغذ عمدہ گلیز سائز ۲۰×۳۰/۱۶ ضخامت ۴۰ صفحات قیمت پچاس پیسے ۵۰/

داستانِ یوسف علیہ السلام

از مولوی محمد اسحاق دہلوی

قید میں یعقوبؑ نے لی گو نہ یوسف کی خبر لیکن آنکھیں روزنِ دیوارِ زنداں ہو گئیں (غالبؔ)

